# منکرات بوجۂ فساد فی الارض

(نفسیات انسانی کے تناظر میں ایک تجزیہ قرآن کی روشنی میں)

ڈاکٹر رابعہ شیخ

(M.A, M.Ed, Ph. D)

اسسٹنٹ پروفیسر اسلامک اسٹڈیز

ڈی ایچ اے کالج فار وومن، فیز-8 کراچی

Vice as a Reason of Chaos on Earth

(An Analyses in the Perspective of Human Psychology and in the Light of the Holy Qur'an)

## INTRO

"Khalq" and Khulq, they are two different terms. 'Khalq' which means 'Creation - out of nothing to being and being to death and death to 'Life hereafter death, this is a complete process of 'Khalq' , while the word akhlaq is the plural for the word 'khulq' which means disposition. "Disposition" is that faculty (malakah) of the soul which is the source of all those activities that man performs spontaneously without thinking about them. Malakah is a property of the soul which comes into existence through exercise and repetitive practice and is not easily destroyed. A particular disposition (malakah) may appear in human beings because of one of the following reasons:

1. Natural and physical make up. 2. Habit.

3. Practice and conscious effort.

Even though the physical make-up of an individual produces

certain dispositions in him, it is by no means true that man has no choice in the matter and is absolutely compelled to abide by the dictates of his physical make-up. On the contrary, since man has the power to choose, he can overcome the dictates of his physical nature through practice and effort, and can acquire the disposition of his choice.

There are two types of nature that exists over all the Universe, such as; 'Light and Fire, Virtues and Vices, Angels and Satan, 'Jahl (Ignorence) and Ilm (Knowledge), etc. So we can state that the human soul possesses four distinct powers. They are:

1- Power of Intellect (Angelic) will result in the development of knowledge, and subsequently wisdom, in a human being.

2-Power of Anger (Ferocious) will result in the emergence of the faculty of courage, and subsequently forebearance (Hilm).

3-Power of Passion (Animilistics) will result in the development of the, faculty of chastity, and subsequently generosity.

4-Power of Imagination [al-quwwah al-wahmiyyah or al-`amilah (Demoniac)] will result in the development of the, faculty of chastity, and subsequently generosity.

The thing we should notice now is the purification and right training of every one of these powers will result in the emergence of a particular faculty in the human being. The moral will/ virtues, therefore, are: wisdom, courage, chastity, and justice. The opposite qualities of these are: ignorance, cowardice, concupiscence (Lust and gluttony), injustice and tyranny.

There are **eight kinds** of vices:

1-Stupidity is deficiency of wisdom.

2-Slyness is the excessive use of the intellect.

3-Cowardice is deficiency of courage.

4-Foolhardiness is the excess of courage.

5-Lethargy is the deficient state for which the point of moderation is chastity.

6-Rapaciousness is the other extreme in opposition to lethargy; (that is, excess in sexual activity, eating and drinking, and other sensual pleasures).

7-Submissiveness is the deficient state for which the point of moderation is justice.

8-Tyranny is the other extreme in opposition to submissiveness; that is, oppressing either one's own self or others. Vice as a reason of Chaos on earth (Chaos theory refers to the behavior of certain systems of motion, such as ocean currents or population growth, to be especially sensitive to tiny changes in starting conditions that result in drastically different outcomes. Unlike what it implies colloquially, chaos theory doesn't mean the world is metaphorically chaotic, nor does it refer to entropy, by which systems naturally tend toward disorder. Chaos theory relies on the uncertainty inherent in measurements, the precision of predictions, and the non-linear behavior of seemingly linear systems). Chaos based on Polytheism results in disintegration of the human mind. Disintegration of human mind's people (Idols, Fathers, Leaders, Buerocrates and Technocrates etc.) have been showed abnormal / imbalanced thinking and behavior against Islam (against the Status of Man's) that's why man produces ' Selfism' ( Anti-Nature Activity and against Islam). Selfism is totally war of Personal Benefits. So, we found that human's are still producing anti Islamic Sharia-e-Quranic approaches exists in over all the world and every society about Economic, Social,

experienced by the faculty of reason. This is a form of pleasure which is both inherent and natural to man. It is a pleasure which is constant, not subject to the changing experiences in his daily life. This most sublime of pleasures is attained through love and knowledge of Allah, and acquired through abiding effort to be ever nearer to Him. When one's whole effort is directed towards attaining this real and lasting pleasure, sensual pleasures will be overshadowed; they shall take their proper place in man's life, being pursued in moderation.

Why we pursue pleasure as well as its dark side- addiction and many others? So why we donot pursue eternal happiness? Virtue does always produce 'Eternal Happiness'. Actually,The ultimate aim of the purification of the soul and aquirement of a moral and ethical character is to attain felicity and happiness. The most consummate felicity and happiness for man is to be the embodiment and manifestation of Divine attributes and characteristics. The soul of a truly happy man is developed with the knowledge and the love of Allah; it is illuminated by the effulgence emanating from the Allah's head.

How could we attain to the highest level of the perfection? Human history is a witness to man's past behavior; Man's are always stands between two extreme points, the lowest of which is below the level of beasts and the highest of which surpasses even the high station of angels. The human movement for perfection between these two extremes is discussed by 'Ilm al-akhlaq' or the science of ethics. It is the goal of ethics to raise and guide man from the lowest animal state to that exalted position superior to that of the angels.

We know that man is the noblest of creatures, the ultimate

purpose of whose existence is to attain perfection; therefore, following that ethics is the noblest of all sciences. In truth, Allah's grace and the Divine mysteries are always accessible to man. It is man that must purify his soul and develop within himself the necessary receptivity to benefit from the infinite grace of his Creator.

Key to Success for Allah has conditional bases. It is; In order to attain ultimate and final perfection, it is necessary to traverse the path of struggle against selfish lusts and immoral tendencies which may exist within the soul, and thus to prepare the soul to receive the grace of Allah. If man sets foot on the path of self-purification, Allah shall come to his aid and guide him along the path:

"And [as for] those who struggle in Our cause, surely We guide them in Our ways". (29:89)

قصاص خون تمنا کا مانگئے کس سے؟
گناہ گار ہے کون اور خون بہا کس کا؟

اس کائنات رنگ و بو میں زندگی بھی ہے اور موت بھی، بلندی بھی ہے اور پستی بھی، ظلمت بھی ہے اور نور بھی، حق بھی ہے اور باطل بھی الغرض! خیر بھی ہے اور شر بھی۔ خالق کائنات نے انسان میں خیر و شر دونوں کی صلاحیت جاذب رکھی ہے چنانچہ اگر خیر شر پر حاوی ہو جائے تو پھر انسان بطور رحمت اور مقام جنت نظیر بن جاتا ہے لیکن اگر!!! انسان شر کو خدائی قوتوں پر حاوی کر لے تو خود اپنے لئے بطور زحمت تو بنتا ہی ہے بلکہ دوسروں کے لئے اس کی کارفرمائیاں اور بالخصوص کسی خطے کے لئے اس کے عملی اقدام بوجہ فساد فی الارض بنتے ہیں۔

تاریخ انسانی گواہ ہے کہ جب بھی کبھی فساد فی الارض خواہ وہ سیاسی، معاشی، معاشرتی، ثقافتی، قانونی، انتظامی یا پھر روحانی ہو یا جسمانی الغرض! جذباتی ہو یا نفسیاتی عدم توازن کا باعث بنا تو معاشرے برباد ہو گئے، بستیاں اجڑ گئیں۔ کیسے کیسے انسانیت سوز انقلاب آئے اور قیامتیں برپا کر کے چلے گئے۔

لہٰذا اس موضوع کی نزاکتوں اور حساسیت کا جائزہ لینے کے لئے اس کے نفسیاتی محرکات کا پتہ لگانے کے لئے

ہمیں تاریخ انسانی یعنی کہ تخلیقِ انسانی کے آغاز سے کرنا ہوگا تاکہ ہم ابتداء تا انتہاء تک اس کی حقیقوں کا ادراک کرسکیں۔

**تکوین عالم ایک ارادے کا ظہور:**

دنیا کی ہر شے Cause & Effect کے سلسلے میں بندھی نظر آتی ہے۔۱۹ویں صدی کا فلسفی اس ضمن میں کچھ اس طرح رقمطراز ہے کہ:

اصل عقل کانی وہ دراصل سلسلۂ علت و معلول کا دوسرا نام ہے۔اس کی چار صورتیں ہیں:

۱۔منطقی: قضایا سے نتیجے کا استخراج۔

۲۔طبعی: علت سے معلول کا وجود میں آنا۔

۳۔ریاضیاتی: میکانیکی اور ریاضیاتی قوانین کے مطابق جسم کا تعیّن۔

۴۔اخلاقی: کردار کے ذریعے طرزِ عمل کا تعیّن۔(۱)

لیکن سوال پھر اسی جگہ کہ اس کے ماوراء کیا ہے؟ یہ وہ مقام ہے کہ جہاں ہمیں اس کائنات کے سلسلۂ آغاز کے لئے کسی ہستی کی مرضی و خودمختاری کو تسلیم کرنا پڑتا ہے اور یہ ماورائی ہستی اتنی کل مختار اور خود کفیل ہے کہ اس نے اس کائنات میں ایسے قاعدے اور قوانین بنائے ہیں جو ہمارے حیطۂ ادراک سے ماوراء ہیں۔Cause سے پہلے کونسا قانون لاگو ہوتا ہے؟ اس کی ہمیں قطعاً کوئی خبر نہیں لیکن اس ماورائی ہستی کو علم ہے کہ اسے یہ کام کیسے اور کیونکر اور کس لئے انجام دینا ہے؟۔

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے کہ:

**ومآ اوتیتہ من العلم الّا قلیلاً o** (سورۃ بنی اسرائیل ۱۷:۸۵)

ترجمہ: ''اور تم لوگوں کو کم علم دیا گیا ہے۔''

کم علمی کی فلاسفی یعنی مقصد بیان کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ:

**وعسیٰ ان تکرھوا شیئا وّ ھو خیر لّکم و عسیٰ ان تحبّوا شیئا وّ ھو شرّ لّکم واللّٰہ یعلم و انتم لا تعلمون o** (سورۃ البقرۃ ۲:۲۱۶)

ترجمہ: ''مگر عجب نہیں کہ ایک چیز تم کو بری لگے اور وہ تمہارے حق میں بھلی ہو اور عجب نہیں کہ ایک چیز تم کو بھلی لگے اور وہ تمہارے لئے بری ہو اور ان باتوں کو خدا ہی بہتر جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔''

**مشیت و ارادہ:**

حقیقت یہ ہے کہ قلیل کثیر کا اور محدود لامحدود کا احاطہ کر ہی نہیں سکتا۔اسی لئے اس قاعدے و قانون کے سلسلے کو ''مشیت الٰہی'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ارشاد ربانی ہے کہ:

**ویفعل اللّٰہ ما یشآء.** (سورۃ ابراھیم ۱۴:۲۷)

ترجمہ:''اوراللہ جوچاہتاہے کرتاہے۔''

**المشیئة: شیء المشیئة فی الاصل ایجاد الشیء و اصابته و ان کان یستعمل فی التعارف موضع الارادة فالمشیئة من اللہ تعالیٰ ھی الایجاد من الناس ھی الاصابة. (۲)**

ترجمہ:''مشیت کے اصل معنی کسی شے کی ایجاد یا کسی چیز کے پالینے کے ہیں اگر چہ عرف میں مشیت ارادہ کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔پس اللہ تعالیٰ کی مشیت کے معنی اشیاء ومخلوق کوموجود کرنے کے ہیں اورلوگوں کی مشیت کے معنی کسی چیز کوپالینے کے ہیں۔''

یہ کائنات رنگ وبومشیت الٰہی کی کارفرمائی کامنہ بولتاشاہکارہے۔

## قول''کن''اور''فیکون'':

اللہ تبارک وتعالیٰ مجردحق Absolute Truth کوجب حقیقت کاروپ دیناچاہتاہےتو یہ قول''کن'' سے جوچاہتاہےاسے''فیکون'' کی صورت میں تخلیق کردیتاہے۔یعنی حرکت اولیٰ اپنی کارفرمائی شروع کردیتی ہےتو کائنات میں زندگی کی لہردوڑجاتی ہے۔قول''کن فیکون'' کے بارے میں ارشادباری تعالیٰ ہےکہ:

**انما قولنا لشیء اذا اردنٰہ ان نقول لہ کن فیکون.** (سورة النحل: ١٦:٤٠)

ترجمہ:''بےشک ہماراقول توکسی شے کے لئے ایسا ہی ہے کہ جب ہم اس کے لئے ارادہ کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ''ہوجا''پس وہ''ہوجاتی ہے''۔

امراللہ تعالیٰ کاطےشدہ فیصلہ ہوتا ہے چنانچہ اللہ کاارادہ ہی مبتداءومنتھیٰ ہے۔ارشادباری تعالیٰ ہوتاہے:

**بدیع السمٰوٰت و الارض و اذا قضیٰ امرا فانما یقول لہ کن فیکون o** (سورة البقرة: ٢:١١٧)

ترجمہ:''آسمانوں اورزمین کامؤجد ہےاورجب وہ کسی امرکافیصلہ کرتاہےاس کے لئے کہتاہے''ہوجا''پس وہ ''ہوجاتا''ہے۔''

۱۹ویں صدی کےفلسفی شوپنہاراپنی مشہورزمانہ کتاب"The world as will and Idea"''یعنی عالم ایک ارادہ اورتصور کی حیثیت سے یہ تصورپیش کرتا ہے کہ یہ عالم (دنیا) ارادہ کی ایک شکل ہےاوراسی لئے ہم کشمکش سے دوچاراوردکھ کاشکارہوتے ہیں۔''(۳)

شاید مصنف قرآن میں موجودقول''کن'' کی نوعیت کاادراک حقیقی کرچکاہےاس لئے مطالب صاف اورواضح ہیں۔نیز تاویل کی گنجائش نہیں۔بلاشبہ Will of Allah اور Will of Man میں بنیادی فرق ہے بزبان قرآن

ملاحظہ کریں:

**وما تشآؤن الا ان یشآء اللّٰہ رب العالمین ٥** (سورۃ التکویر ۸۱:۲۹)

ترجمہ: ''اور تم کچھ بھی نہیں چاہتے مگر وہی جو اللہ رب العالمین چاہے۔''

بزبان شاعر:

ارادے باندھتا ہوں توڑ دیتا ہوں
کہیں ایسا نہ ہوجائے کہیں ویسا نہ ہوجائے۔

انسان ازل سے ارادے میں کمزور واقع ہوا ہے۔ کچھ مقام انسان کی زندگی میں ایسے آتے ہیں کہ اس کا اٹل ارادہ ٹوٹ پھوٹ جاتا ہے۔ ایسا ہی ایک تلخ تجربہ ۱۹ ویں صدی کے اوائل میں ہوا۔ داستان فلسفہ کا مصنف ول ڈیورینٹ لکھتا ہے کہ:

> ''۱۸۱۸ء میں اس کرۂ زمین کی جو دردناک حالت تھی اسے ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اس بات پر ایمان لانا دشوار تھا کہ عنان اختیار دراصل خدا کے ہاتھ میں ہے جو ذی شعور بھی ہے اور رحیم بھی (معاذ اللہ) شیطان کو فتح نصیب ہوگئی تھی لیکن بعض لوگ اس سوال کا تلخ تر جواب دیتے تھے وہ کہتے تھے کہ یورپ کا انتشار محض کائنات کے انتشار کی ایک جھلک ہے کسی نظام قدسی کا وجود نہیں ہے۔ جزائے اخروی کی توقع بے سود ہے (معاذ اللہ) خدا اگر ہے بھی تو وہ اندھا ہے اور دنیا پر شر سایہ فگن ہے۔'' (۴)

جبکہ اللہ تعالیٰ تو مطلق العنان اختیار کا مالک ہے لیکن کیا کیجئے کہ جب شر اس قدر پھیل جائے کہ لوگوں کا ایمان تزلزل پانے کی منزل تک پہنچ جائے تو پھر جب زندگی ذلت اور فضیلت کے پست ترین مقام پر جا پہنچتی ہے تو ایسا ہو جاتا ہے (معاذ اللہ)

## قول ''کن'' کی فطری اطلاقی نوعیت:

قول ''کن'' کی نوعی ساخت کچھ اس طرح کی صلاحیت کی حامل ہے کہ اس میں بلندی بھی ہے پستی بھی، نشیب بھی ہے فراز بھی، عروج بھی ہے زوال بھی، تعمیر بھی ہے تخریب بھی الغرض! خیر بھی ہے اور شر بھی یعنی حق بھی ہے اور باطل بھی۔ لہٰذا جو کوئی قول ''کن'' میں حق کے موافق کام کرتا ہے تو مثبت انداز پر فیکون ہو جاتا ہے۔ اور جو باطل کی پیروی کرتا ہے تو قول ''کن'' اس کے لئے منفی انداز سے فیکون ہو جاتا ہے۔ پہلی صورت میں جوہر بلند جوہر سے مل کر سلامتی پاتا ہے تو دوسری صورت میں نیست جوہر سے مل کر فساد فی الارض کا سبب بنتا ہے۔

آیئے اب ہم اس بات کا جائزہ لیں کہ بلند جوہر کیا ہے؟ اور نیست جوہر کیا ہے؟

تخلیق آدم:

**آدم ابـو البشر قيل سمى بذاک لكون جسده من اديم الارض و قيل لمهرة فى لـونـه يـقـال رجل آدم نحوا سمرا و قيل سمى بذاک لكونه من عناصر مختلفة وقوى متفرقة، الادام و هو بطيّبه الطعام.(۵)**

ترجمہ: ''آدم ابوالبشر بعض کے نزدیک یہ ادیم الارض ہے یہ نام اس لئے رکھا گیا کہ آدم کو روئے زمین کی مٹی سے پیدا کیا گیا۔ مصنف کے نزدیک یہ ''ادمۃ'' سے مشتق ہے جس کے معنی گندمی رنگ کے ہیں چونکہ آدم بھی گندمی رنگ کے تھے اس لئے نام رکھا گیا۔ رجل آدم کے معنی گندمی رنگ کے مرد کے ہوتے ہیں۔ اور بعض نے آدم کی وجہ تسمیہ یہ بتائی کہ وہ مختلف عناصر اور متفرق قوی کے امتزاج سے پیدا کئے گئے تھے۔ بعض کے نزدیک آدم ''ادام'' سے مشتق ہے اور ادام سالن وغیرہ اور ہر اس چیز کو کہتے ہیں جس کے طعام لذیذ اور خوشگوار محسوس کیا جاتا ہو۔''

ان معنی کی روشنی میں ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ آدم کائنات کی ایک خاص ''نوع'' ہے جو کہ مخلوطیت کی حامل ہے اور اس کے لئے معاشرہ ناگزیر ہے نیز اس کائنات میں وہ مثالی فرد اور نمائندہ بنی نوع انسان کے طور پر ہے یعنی قبیلۂ آدمیت کی پہچان کے طور پر ہے۔

آموزش برائے فطر النّاس بذریعہ کردار وتمثال:

**فـاقـم وجهـک لـلدين حنيفا فطرة اللّٰه التى فطر الناس عليها لا تبديل لخلق اللّٰه ذالـک الدين القيم ٥** (سورة الروم ۳۰:۳۰)

ترجمہ: ''پس تو اپنے آپ کو یکسو کر دین کی طرف متوجہ کر لے اللہ کی فطرت جس پر انسان کو فطر کیا گیا۔ اللہ کی خلفت میں کوئی تبدیلی نہیں۔ یہی تو نہایت درست دین ہے۔''

آدم بطور نبی کے تو ہیں ہی لیکن قرآن نے تخلیق آدم کے سلسلے میں جہاں کہیں ذکر کیا تو وہ نوع انسانی کے نمائندے کے طور پر ہی ہیں لہٰذا جب قرآن حضرت آدم کو آموزش برائے فطر الناس کرار ہا ہے تو دراصل یہ آموزش رہتی دنیا تک کے انسان کو کرائی جارہی ہے کیونکہ آموزش بذریعہ کردار وتمثال کرائی جائے تو وہ حافظے میں اس طرح بیٹھ جاتی ہے جیسے حسین نقش اور جب کرداروں کو زبان مل جائے تو پھر تو سونے پر سہاگہ کا کام ہوجاتا ہے یعنی آموزش کا عمل اپنی تمامیت کو پہنچ جاتا ہے۔ ایسا ہی حضرت آدم کے ساتھ ہوا۔ بنیادی طور پر تین کردار ہیں: ا۔ آدم بطور نمائندہ نسل کے، ۲۔ ملائکہ بطور طبعی قوتوں کے، ۳۔ شیطان بطور آدمی کی انانیت وسرکشی اور احکامِ الٰہی کے برخلاف برسرپیکار قوت کے طور پر۔ اور اللہ تو موجود ہے آموزش کروار ہا ہے۔ مثلاً ملائکہ فطرتاً محکوم اور نوری مخلوق ہیں لہٰذا جب اللہ نے ملائکہ کو سجدے کا حکم دیا تو سب نے سجدہ کیا سوائے شیطان کے۔ اس نے انکار کر دیا اور ہمیشہ کے لئے وارد جہنم قرار پایا اور ڈھٹائی کا یہ عالم کہ

قیامت تک کے لئے مہلت ہی مانگی تا کہ ہلکے ایمان والوں کو گمراہ کر سکے۔اس طرح آدم کو آموزش یہ حاصل ہوئی کہ وہ خاکی فطرت ہے، اس کے سامنے ایک نوری فطرت اور دوسری ناری فطرت ہے۔ اللہ نے انسان کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ چاہے تو اپنی فطرت کو نوری یا پھر ناری فطرت کو اپنا لے لیکن درحقیقت ان تین کرداروں کے ذریعے آدم کو یہ بتایا جارہا ہے کہ وہ کون ہے؟ اس کا منصب کیا ہے؟ اس کی ذات ونفس میں کتنے آفاق پنہاں ہیں؟ اس کا مقصد زندگی کیا ہے؟ اس کی شریعت اصلی کیا ہے؟ اس کائنات سے اس کا کیا تعلق ہے؟ ان کا خالق سے کیا تعلق ہے؟ محض آغاز ہی ہے یا پھر انجام بھی ہے؟ وغیرہ وغیرہ

مقامِ آدمیت:

آدم جسے اللہ رب العزت نے مختلف قویٰ کے امتزاج کے ساتھ تخلیق کیا اور روح پھونکی اور عقل وفہم کو جلا بخش کر ایسی نعمت تمام کی جسے ''علم'' کہتے ہیں۔اسی بناء پر وہ مسجودِ ملائکہ قرار پایا۔ یہ مقام تمام بنی آدم کو حاصل ہے خواہ وہ کافر ہو یا مومن۔

**واذ قال ربک للملائکة انی جاعل فی الارض خلیفة قالوا أ تجعل فیها من یفسد فیها و یسفک الدّمآء.** (سورۃ البقرۃ ۲:۳۰)

ترجمہ: ''اور جب تیرے رب نے ملائکہ سے کہا کہ میں زمین میں خلیفہ مقرر کرنے والا ہوں تو انہوں نے کہا کیا تو اس کو مقرر کرے گا جو اس میں فساد کرے گا اور خون بہائے گا۔''

**خلف: خلف ضدّ تقدّم و سلف و المتاخر لقصور منزلته یقال له خلف و لهٰذا قیل الخلف الردّی هو المتاخر لا لقصور منزلته یقال له خلف و الخلافة النّیابة عن الغیّر اما لغیبة المنوب عنه اما لموته و اما لعجزه و اما لتشریف المستخلف وعلی هٰذا الوجه الاخیر استخلف اللّٰه اولیآئه فی الارض قال تعالیٰ "هو الذی جعلکم خلائف فی الارض"(٦)**

ترجمہ: ''خلف: خلف کے معنی پیچھے رہ جانے اور کسی کا جانشین ہونے کے ہیں۔ یہ تقدم اور سلف کی ضد ہے۔ جو مرتبہ میں گرا ہوا اسے بھی خلف کہا جاتا ہے۔ اسی بناء پر ردّی شے کو خلف کہتے ہیں۔ اور خلف کے معنی متاخر اور جانشین کے بھی آتے ہیں۔ الخلافۃ کے معنی دوسرے کا نائب بننے کے ہیں۔ خواہ وہ نیابت اس کی غیر حاضری کی وجہ سے ہو یا موت کے سبب ہو اور یا اس کے عجز کے سبب ہو اور یا محض نائب کو شرف بخشنے کی غرض سے۔ اس آخری معنی کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیاء کو زمین میں خلافت بخشی ہے۔''

اس سے پتہ چلا کہ اول یہ کہ خلیفہ مجسم خیر بھی ہوسکتا ہے اور مجسم شر بھی کیونکہ اگر وہ Capacity of

Human Psyche کے تحت اصول جاذبیت Principle of Attraction کو اپناتے ہوئے اگر ناری پیرہن اوڑھے گا تو خلیفۂ شر کہلائے گا اور اگر نوری پیرہن سے آراستہ ہوگا تو خلیفۂ خیر کہلائے گا۔ اور دوم یہ کہ انسان کے ذمے ''استخلاف فی الارض'' کا بار امانت ہے اور تیسری بات یہ ہے کہ اسے کائنات میں ''حق تصرف'' حاصل ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس میں کوئی درجہ بندی بھی ہے؟

## خلافت کے درجات:

خلیفہ دراصل ایک ایسا عہدہ ہے کہ جس پر صرف وہی فائز ہوسکتا ہے جو کہ انصاف سے فیصلہ کرے اور رائے نفس کی پیروی نہ کرے ورنہ پیچھے رہ جانے والوں میں خودشمار ہوگا اور معراج کو نہ پہنچ سکے گا۔ دراصل اس کے تین درجات ہیں:

| درجہ | عہدہ | اطلاقی صورت | اقسامِ خلافت |
|---|---|---|---|
| اعلیٰ درجہ | خلیفۃ فی الارض | معراج انسانیت (Insan-e-Kamil) | نبوت وخلافت |
| اوسط درجہ | خلف/خلفۃ | مقام انسانیت (Status of Man) | خلافت راشدہ+خلافت |
| ادنیٰ درجہ | خُلف | مقام حیوانیت (Animality) | ملوکیت |

ان جہتوں کی معرفت کے طفیل ہی ہم بنی نوع انسان اپنے معیارِ زندگی کو بلند کرنے کے قابل رہیں گے اور یہی سوچ، سعی اور استقامت ہمارے شعوری ارتقاء کی بنیاد ثابت ہوگی۔

یہ خلافت پر ''حق تصرف'' یعنی آدم کے نفوس کے لئے آزمائش ہے تاکہ انسان اپنے لئے ''شاہین'' اور ''کرگس'' کے جہاں میں سے کسی ایک جہاں کا انتخاب کرسکے۔ اسی لئے ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے کہ:

**وھو الذی جعلکم خلٰئف الارض ورفع بعضکم فوق بعض درجٰت لیبلوکم فی ما اٰتکم.** (سورۃ انعام ۶:۱٦۵)

ترجمہ: ''اور وہ جس نے تمہیں زمین کا متصرف بنایا اور تم میں سے بعضوں کے درجات کو دوسروں سے بلند کیا تاکہ تمہیں اس میں آزمائے جو کچھ اس نے تمہیں عطا کیا ہے۔''

## آموزش علم کائنات بوجہ فضیلت:

آدم جو بشر ہے، حواس خمسہ رکھتا ہے اور پھر عقل وشعور، تدبر وتفکر، مشاہدات وتجربات اور مباحثات کے ذریعے علم کا حصول کرتا ہے جو اس کے لئے فضیلت کا باعث ہے۔

احساس غیر مرتب مہیج کا نام ہے۔ادراک مرتب احساس کا اور تعقل مرتب ادراک کا سائنس مرتب علم کو کہتے ہیں۔حکمت وبصیرت مرتب زندگی کا دوسرا نام ہے۔ ہر منزل پر ترتیب وتسلسل اور وحدت کا مقام بلندتر ہوتا چلا جاتا ہے۔ یہ ترتیب یہ تسلسل یہ وحدت کس طرح وجود میں آئی؟

اس کے جواب کے لئے ہمیں وحی کی جانب جانا ہوگا چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہوتا ہے کہ:

**وعلم آدم الاسمآء کلها ثم عرضهم علی الملائکة فقال انبئونی باسمآء هؤلآء ان کنتم صٰدقین o قالوا سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا.** (سورة البقرة ۲:۳۱ تا ۳۲)

ترجمہ: ''اور اس نے آدم کو ان سب کے نام سکھلا دیے پھر انہیں ملائکہ کے سامنے پیش کیا اور کہا: مجھے ان کے نام بتلاؤ اگر تم سچے ہو۔انہوں نے کہا: تو منزہ ہے ہمیں کوئی علم نہیں سوائے اس کے جو تو نے ہمیں سکھایا ہے۔''

مشاہدہ علم وبصیرت یہ کہتا ہے کہ خالق ومخلوق برابر نہیں ہوسکتے۔جو علم مؤجد وخالق کو حاصل ہے وہ مقدار اس کی تخلیق یا ایجاد کو حاصل نہیں ہوتی۔اسی لئے!!! عالم سماوی کی مخلوق کو بھی علم نہ تھا مگر دوسری جانب آدم کے لئے جو علم مخصوص کیا گیا وہ اجمالی نہیں بلکہ تفصیلی تھا کیونکہ اللہ نے ''کلها'' کا لفظ استعمال کیا اور جب ''عرضهم'' کہا تو اس سے یہ بات اور واضح ہوگئی کہ اجمالی شے کبھی پھیلی ہوئی نہیں رہتی۔اس طرح انسان جب کثرت کو وحدت میں تبدیل کرتا ہے تو یہ وہ سمندر ہے جس میں ہم خود اور ہماری شخصیت ہمارے ذہن میں روشنی کا مینار بن کر ظلمت کو روشنی میں تبدیل کرتے ہیں۔اور دوسری بات اپنی کم مائیگی علم کا احساس واعتراف کرسکیں۔

معلوم ہوا کہ دنیا میں نظم وتریب خود بخود نہیں آگئی بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ فکر آگاہ رموز کائنات ہے، وہی اس ترتیب کا خاص ہے۔یہ گویا تجربات کے اصطفات کی پہلی منزل ہے۔بالآخر یہی راہ علم کی منزل مقصود تک پہنچتی ہے۔یہی فکر کے وہ قوانین ہیں جو ماضی، حال اور مستقبل کے ہر تجربے کے مسلّمات میں مضمر ہے۔''العلم'' مطلق ہے اور ''صداقت'' یعنی مجرّد حق زندہ جاوید۔

## ماہیت نفس انسانی: Nature of the Human Psyche

انسان نفس کا مظہر کامل ہے اور جسمانیت مظہر صفات نفس اور باطن انانیت مظہر ذات ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہوتا ہے کہ:

**ونفس و ما سوّٰها o فالهمها فجورها وتقوٰها o قد افلح من زکّٰها o وقد خاب من دسّٰها o** (سورة الشمس ۹۱:۷ تا ۱۰)

ترجمہ: ''اور نفس کی اور اس کی جس نے اسے کامل بنایا کہ اس کی بدکاریاں اور اس کی پرہیزگاری اس پر الہام کردی

بے شک فلاح اس نے پائی جس نے اسے پاک کیا۔ بے شک نامراد وہ ہو جس نے اسکو دبا دیا۔''

اکتساب وتسویۂ بناوٹ کے اعتبار سے نفس وہ امکانی قوت ہے جو خویش ہے نہ شر تاہم الہام کے ذریعے خیر وشر کی صلاحیت ودیعت کی گئی ہے۔ سورۃ الشمس کی آیات سے تین باتیں اخذ کی جاسکتی ہیں:

اول یہ کہ: نفس انسانی بطور فطرت صحیحہ کے۔

دوم یہ کہ: الہام کے ذریعے نیکی اور بدی کی ترغیب۔

سوم یہ کہ: اعمال کی ذمہ داری نفس پر۔

اس طرح نفس کی دو صورتیں سامنے آتی ہیں:

۱۔ نفس بلحاظ فجور Human Psyche as a Disintegration of Mind

۲۔ نفس بلحاظ تقویٰ Human Psyche as a Integration of Mind / Full of Piety

## فجور بوجہ شر وفساد:

انسان بذریعہ حواس وادراک حقیقت کا اکتساب کا خواہاں ہے مگر اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے حواس وادراک کو دیانتداری کے ساتھ بقدر کفایت وضرورت خرچ کرے۔ یعنی قانون کفایت حواب Law of Economy of Senses کا استعمال توازن کے لئے ضروری ہے۔ دراصل اس قانون کا اطلاق نفسِ انسانی کے موجود مقصد پر ہوتا ہے۔ چنانچہ نفس انسانی اپنے حواس وادراک کے مدرکات کو اپنے مقصد خاص کے لئے کنٹرول کرتا ہے چونکہ نفس کی خواہشات اور رجحانات فکر سلیم کو معطل کردیتے ہیں اور ''حسّی ادراک'' کو بگاڑ دیتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ معرفتِ نفس ممکن نہیں رہتا۔ لہٰذا معرفت الٰہی کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان یہ چاہتا ہے کہ وہ جو چاہے فوراً ہو جائے، یہیں سے فجور کی بنیاد پڑتی ہے۔، جو شرّ وفساد کے لئے جڑ ثابت ہوتی ہے۔

زندگی حسن بھی ہے اور عشق بھی لیکن بسا اوقات انسان ان میں توازن برقرار نہیں رکھ پاتا تو وہیں سے فساد شروع ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ڈاکٹر نصیر احمد ناصر نے اپنی کتاب ''فلسفۂ آخرت'' میں ''فلسفۂ ہشت آرزو'' پیش کیا ہے۔ ان کے مطابق زندگی میں آٹھ بنیادی آرزوئیں پائی جاتی ہیں۔ جو درج ذیل ہیں:

| بنیادی آرزوئیں | آرزو بطور آزمائش کا تجربہ |
|---|---|
| ۱۔ اللہ ورب کی آرزو | مگر حقیقی مجازی ہوا اس شدّت کے ساتھ شرک جائے گا اور شرک جہل ہے جبکہ توحید علم ہے۔ |

| | |
|---|---|
| ۲۔ بقائے دوام کی آرزو | دین کے ساتھ وابستگی حیات جاودانی Immortal Life بن جاتی ہے بصورت دیگر فجور جاری ہونے کی صورت میں Mortal ہو جاتی ہے۔ |
| ۳۔ خوب سے خوب تر کی آرزو | ہر لحظہ مومن نئی شان نئی آن کے ساتھ زندہ رہتا ہے کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ "کل یوم ھو فی شأن" (سورۃ الرحمٰن ۵۵:۲۹) ہر لحظہ ایک نئی شان میں اپنا جلوہ پیدا کرتا رہتا ہے جبکہ انسان جب کثرت مال وحسن وعشق میں گرفتار ہوتا ہے تو پھر اس کی فکر عالم مجاز کے وراء نہیں جاتی۔ |
| ۴۔ لذت وطمانیت اور حسنہ کی آرزو | انسان جب حدّ شرع کے تحت رہتا ہے تو طمانیت ولذّت دونوں پاتا ہے لیکن جب شرع کی لگام کو توڑ دیتا ہے تو پھر حیوانیت وشہوانیت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ |
| ۵۔ آرزوئے زوج | یہ غایت حقیقی ہر حیاتیاتی ونباتاتی مخلوق کی نشوونما اور بقائے نسل ہے بصورت دیگر ناپاکی ونجس کام کر کے مجرم تو بنتے ہیں ساتھ ہی نسل کشی کا بھی جرم کرتے ہیں۔ |
| ۶۔ آرزوئے نمود پیدائی | اللہ الحسن ہے اور حسن میں اپنی نمود پیدائی کا داعیہ پایا جاتا ہے۔ یہ جذبہ مرد وزن دونوں میں پایا جاتا ہے لیکن جب یہ جذبہ حدود کو پار کر جاتا ہے تو فساد فی الارض شروع ہو جاتا ہے۔ |
| ۷۔ آرزوئے علم وسلطان | علم بالقوۃ ہر انسان میں مضمر ہے۔ علم کا نشو وارتقاء حسّی، قلبی اور نفسی نظام کی فعالیت سے ہوتا ہے لیکن اگر حس، قلب اور نفس میں گراوٹ آجائے تو پھر نہ تو عرفان نہ ہی سلطان حاصل ہوتا ہے بلکہ زوال، پس ماندگی اور سرطانی ادارے سامنے آتے ہیں۔ |
| ۸۔ آرزوئے جمالیاتی ارتقاء | انسان چونکہ فطرت اللہ پر فطر کیا گیا ہے اس لئے اس میں روحِ الٰہی اپنی نمود رکھتی ہے جو کہ جمالیاتی ارتقاء کا سبب بنتی ہے بصورت دیگر حسّی قوّتیں ناکارہ بن جاتی ہیں، زندگی فریب میں گزر جاتی ہے۔(۷) |

حقیقت یہ ہے کہ آرزوئیں ہیں جو انسان کے لئے حسن وعشق حقیقی کا "حسن المآب" اور اہل نار کے لئے "شرّ المآب" بنتی ہیں۔ ہمارا موضوع خاص یہی ہے کہ:

**و یدع الانسان بالشرّ دعآءہٗ بالخیر و کان الانسان عجولا.** (بنی اسرائیل ۱۷:۱۱)

ترجمہ: "اور انسان خیر کے بجائے شر مانگنے لگتا ہے، انسان بڑا ہی جلد باز واقع ہوا ہے۔"

انسان جو فطری طور پر فطرت اللہ پر تخلیق کیا گیا ہے وہ دنیا میں آکر اس حقیقت کا ترجمان کیوں نہیں بنتا؟ دوم

اس کی وجوہات اصلی کیا ہیں؟ ان ہی سوالوں کا جواب ہم درج ذیل کے مباحثات میں تلاش کریں گے۔

ہر شے اپنی ضد سے پہنچانی جاتی ہے۔ جس طرح جنت کی ضد جہنم ہے، دنیا کی ضد آخرت ہے، ملائکہ کی ضد جن وشیاطین ہیں اسی طرح انسان کی ضد حیوان ہے۔ تخلیق آدم کے ذکر میں انسان کو یہ بات تفہیم کرادی گئی کہ ملائکہ کی فطرت نوری ہے اور جن وشیاطین کی ناری ہے لہٰذا ابن آدم کو خاکی فطرت کا حامل ہے اسے اختیار دیا گیا کہ وہ ان میں سے جس فطرت کو اپنانا چاہتا ہے اپنا لے۔ چنانچہ جو لوگ ''الحسن'' کے داعی ہوتے ہیں وہ ''قرأۃ العین'' کی چاہت سے ان کے دل مزیّن ہوتے ہیں اس لئے وہ صرف صراط مستقیم ہی پر گامزن رہتے ہوئے اپنی فطرت خاکی کو ''نوری'' بنانے کی سعی میں لگ جاتے ہیں۔ وہ تو منزل مقصود پر پہنچ کر اپنے جمالیاتی ارتقاء کے ساتھ معراج پاتے ہیں اور حسن المآب بنتے ہیں۔ برخلاف اس کے کہ جو لوگ شیطان کے ڈرانے سے یا اس کے وسوسے سے ڈر جائیں تو پھر ان کی فکر منجمد ہو جاتی ہے۔ ارتقاء کے عمل کے بجائے تنزلی کا عمل شروع ہو جاتا ہے۔ اس طرح وہ تیزی کے ساتھ منزل مقصود سے دور ہوتا چلا جاتا ہے اور معاشرے کے لئے ''سرطان'' (Cancer) ثابت ہوتا ہے۔ دنیا خود ان کے لئے تنگ و تاریک ہو جاتی ہے۔ دراصل یہ ناری فطرت کے حامل لوگ ایسے غم میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ جس سے نکلنا مشکل ہو جاتا ہے۔ قرآن نے انہیں ''شرّ المآب'' سے (سورۃ ص ۳۸:۲۵) تعبیر کیا ہے۔

ذہنی و نفسی انتشار کی کارفرمائیاں:

قانون آزمائش یہ کہتا ہے کہ:

**ام حسبتم ان تدخلوا الجنة و لمّا یعلم اللّٰه الذین جاھدوا منکم و یعلم الصّابرین.** (سوره آل عمران ۳:۱۴۲)

ترجمہ: ''کیا تم نے سمجھ رکھا تھا کہ جنت میں داخل ہو جاؤ گے؟ حالانکہ ابھی تو اللہ نے جانا ہی نہیں کہ تم میں سے جنہوں نے اپنی پوری جدوجہد کر ڈالی اور کون ہیں جو جمنے والے ہیں۔''

اقسامِ آزمائش کے لئے ارشاد ہوتا ہے کہ:

**ولنبلونکم بشیء من الخوف والجوع و نقص من الاموال والانفس والثمرات.**

(سورۃ البقرۃ ۲:۱۵۵)

ترجمہ: ''ہم تمہیں کچھ خوف، کچھ فاقوں سے اور مال، جان اور پیداوار کے نقصانوں سے ضرور آزمائیں گے۔''

دراصل یہی قانون اور درج بالا طریقہ حق و باطل کی پہچان پرکھنے کا معیار قدیم ہے اور ایک واضح لکیر اور حقیقی آہنی دیوار ہے جو چن دی گئی ہے مختلف فطرت کے حامل لوگوں کے درمیان۔

### ذہنی و نفسی انتشار کی صورتیں قرآنی و تاریخی پس منظر:

☆ جب آدمؑ کا زمانہ آتا ہے تو منکر ہذیانی صورت میں Hysteric Person کے طور پر سامنے آیا۔ جبکہ شرعی جواز یہ ہے کہ اللہ متقین صالحین کی قربانی قبول کرتا ہے، غیر متقی و غیر صالح سے نہیں۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام کا زمانہ آیا تو "فلسفۂ تدبیر" سامنے آیا تو اسباب کو سہارا بنایا گیا لیکن ان کی تدبیر اور اسباب کچھ کام نہ سکے اور نہ ہی تقدیر الٰہی کو ٹال سکے اور عذاب نے انہیں آلیا۔

☆ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا زمانہ آیا تو سیاسی حاکمیت کا دور دورہ ہوا تو بطور رب نمرود اپنے حکم کو پتھر پر کھینچی ہوئی لکیر بتا رہا تھا۔ اس کو جواب دیا گیا کہ جو رب کائنات ہے وہ سورج کو مشرق سے نکالتا ہے تم مغرب سے نکال دو تو وہ مبہوت ہو گیا۔

☆ حضرت لوط علیہ السلام کا زمانہ آیا اور دنیائے عالم ایک بدترین معاشرتی برائی سے روشناس ہوئی۔ چنانچہ غیر فطرت فعل Homosexual / Homogeneous سے منع کیا گیا۔ نہ ماننے کی صورت میں قوم کو غرق کر دیا گیا۔

☆ حضرت شعیب علیہ السلام کا زمانہ آیا تو معاشی عدم توازن کے فروغ کی برائی یعنی "ناپ تول میں کمی" سامنے آئی۔ جواباً ربّ ذوالجلال نے انہیں بھی ہلاک کر دیا۔

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زمانہ آیا تو اقتدار اعلیٰ کا نشہ فرعون کو چڑھا وہ خود کو (نعوذ باللہ) قادرِ مطلق سمجھ بیٹھا چنانچہ نہ ماننے کی صورت میں دریائے نیل میں غرق کر دیا گیا اور رہتی دنیا کے لئے اس کی لاش عبرت کدہ بنا دی گئی۔

☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ آیا اس میں غلو فی الدین کا محرک عشق غیر اللہ سامنے آیا۔ نہ ماننے کی صورت میں نزولِ قرآن کے ذریعے باطل عقائد کا ردّ پیش کیا گیا۔

☆ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا زمانہ آیا تو "منکرین حق" مشرکین کے ساتھ مل کر سامنے آئے۔ پوشیدہ و غیر پوشیدہ قوتوں کو بھی بلا لیا گیا۔ جواب آیا کہ "حق آ گیا اور باطل مٹ گیا بے شک باطل مٹنے کے لئے تو آیا ہی تھا"۔

### ذہنی و نفسی عدم توازن:

کسی بھی انسان کے نارمل یا ابنارمل ہونے کا تعلق اس کے خُلق (Moral) پر منحصر ہے کیونکہ ہر پیدا ہونے والا بچہ معصوم فطرت یعنی اللہ کی فطرت کا حامل ہوتا ہے لیکن اس کا ماحول اس کی شخصیت پر گہرے اثرات مرتب کرتا ہے۔ مولانا اشرف علی تھانوی کے مطابق:

> "The nature of relationship among men, determines "normality" and "abnormality" spiritual disorders are the withdrawal of an individual from his environment

from his own self and from his creator." (8)

اکبر حسین صاحب نے اسے کچھ اس طرح بیان کیا ہے کہ اللہ نے انسان کو نیابت اور علم سے سرفراز فرما کر دنیا میں فضیلت بخشی تا کہ وہ اللہ کی عبادت کرے اور اپنے فرائض منصبی پورے کر سکے۔ انسان کو بظاہر روح وجسم کا پیکر ہے اسے ایک وحدت کے ساتھ وابستہ کیا ہے۔ اصل خرابی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب وہ وحدت کے نظام کو پارہ پارہ کر دیتا ہے۔ مصنف لکھتا ہے:

The distance of man from man and man from universe, manifests a proportionate distance from God. The remoteness of man from God and his fellow men is an indication of mental diseases. (9)

دراصل ذہنِ انسانی میں کچھ اندرونی ضروری Intrinsic اور پوشیدہ Latent قوتیں ہیں انہیں ہم تین حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ جن میں پہلی عقلیہ (Reason) دوسری شہویہ (Sensuality) اور تیسری غضبیہ (Passion) کہلاتی ہے۔ ان کی شدّت کا اندازہ اس طرح لگایا جا سکتا ہے کہ:

| S.No. | Mental Forces | Extreme Level |
|---|---|---|
| 1 | AQLIA (Reason) | Stupidity (Safahat) |
| 2 | SHAHWIA (Sensuality) | Debauchery,Inertness(Fujoor)(Sumood) |
| 3 | GHAZABIA (Passion) | Cowardice (Tahawwur, Jubn) |

Thes extreme functioned disorders. The also include ignorance, pride, conceit-jealousy, hypocrisy, greed, doubt, lust, fear, superstitions, etc. (10)

دوسری جانب یہی وہ تین ذہنی قوتیں Mental Forces ہیں جو اخلاق کے تین اصول ہیں اور خُلق کو پیدا کرنے کا سبب بنتی ہیں۔ کیونکہ عقلیہ "The Intellectual Power" کے طور پر اور شہویہ "The Power of incite" اور غضبیہ "The Power of exposition" کے طور پر ہیں۔ اس کا ذکر ہم خلاصہ میں کریں گے۔
اسی لئے مولانا اشرف تھانوی نے اصلی وجہ بیان فرماتے ہوئے کہا ہے کہ:

"Abnormality is the result of deviation from the moral codes" (11)

جدید نفسیات کے مطابق ابنارملٹی کی چار اقسام ہیں، جو کچھ اس طرح ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Psychoneuroses | Individuals who "go to pieces" easily when confronted with a difficult. |
| 2. | Psychoses | Tend to shatter the integration of the personality and disrupt the individual's social relationships. |
| 3. | Mental Deficiency | Who because of subnormal or retarted mental development. |
| 4. | Anti Social Personality | Share a common propensity for anti social behaviour. One group is made up of convicted law violators, and the other consists if individuals with psychopathic personalities.(12) |

ہمارا موضوع تخریب کاری میں ملوث افراد ہیں کہ جو معاشرے کے لئے غیر مفید ہوتے ہی ہیں بلکہ ملک وقوم کے لئے بھی خطرہ ثابت ہوتے ہیں اور جارحیت اور انتہا پسندی کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ جارحیت پسندی کا شکار کرنے والوں کو امتیازی طور پر دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

Victimis of aggression can be devided into two distinct categories; those who are victimized (play no role in becoming a victim( and (2) who are victiming (promoting the victimage). (13)

ابنارمل سائیکالوجی میں ان جارحیت پسندوں کو "Treason" کہا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

Classification of crimes: With respect to their relative seriousness, crimes are divided into treason, Felonies and misdemeanors. Treason, the most severe and infrequent type of crime, consists in levying war against one's country or in giving aid and comfort to the enemy. Felonies are serious crimes such as

murder, manslaughter, forgery, aggravated assault, fraud, robbery, burglary and rape, punishable by death, imprisonment or heavy fines. (14)

جب جارحیت پسندی میں شدت آتی ہے یہ ایک ''تھکا دینے والی جنگ'' Battle Fatigue بن جاتی ہے۔ پبلک پلیسز مثلاً بازار، پارک، ساحل اور دیگر جگہیں جہاں زیادہ لوگوں کا ہجوم ہوتا ہے، ہر جگہ ان کی عملداری ہوتی ہے۔ یہ کہیں بھی کچھ بھی تباہی لا سکتے ہیں۔ ان کے گروپس ہر جگہ رہتے ہیں لہٰذا یہ آسانی سے ہلاکتوں کے سلسلے کو جارحیت پسندی کے فروغ کے لئے جاری رکھتے ہیں۔ اور جب یہ disorder اپنا رلٹی بہت Chronic اور acute ہو جاتی ہے تو پھر صورتحال اس طرح سامنے آتی ہے کہ:

Symptoms range from exhaustion, anxiety, grief, disorientation, simulate hysterical neurosis of either a conversion type or a dissociative type. The Millitary used to refer to these letter symptoms as "Shell Shock" or "Battle Fatigue". (15)

حقیقت یہ ہے کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں ہوتی۔ اس کا نتیجہ مزید بھیانک نکلتا ہے۔ جیسے دور جدید میں Sucide Bomber سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خودکشی کیا ہوتی ہے؟ یا کس قسم کے جذبات کا نام ہے؟ اور عموماً اس کا object کیا ہوتا ہے؟ ملاحظہ کیجئے:

Sucide: it represented unconscious hostility directed towards the introjected (ambivalently view) love object.

Karl Meninger delineats the psychodynamics of hostility and asserts that the drives in sucide are made up of: 1. the wish to kill 2. the wish to be killed, and 3. the wish to die." (16)

موجودہ دور کس معاشی ناانصافی، مذہبی عدم مساوات، سیاسی عدم توازن کے ساتھ ساتھ مطلق العنانی کسی بھی

معاشرے کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیتی ہے۔ جب افراد جان و مال اور دیگر انسان کے بنیادی حقوق کے استحصال کے عمل سے خودگزرتا ہے تو اچھے سے اچھا انسان بھی خودکشی کی ان تین قسموں میں سے کسی ایک کا چناؤ کرتا ہے۔ اس میں شدت اس وقت اور آ جاتی ہے جب اس کے چاہنے والوں کو اسے سامنے مار دیا جائے تو وہ پھر انفرادی طور پر خودکشی نہیں کرتا بلکہ معاشرے کے دیگر افراد کو بھی جو کہ اس کی طرح معصوم ہوتے ہیں، وہ مار دیتا ہے۔ اس کی نفسیات یہ ہوتی ہے کہ میرے لوگ بھی تو معصوم تھے چونکہ اسے کوئی اور حل نظر نہیں آتا اس لئے وہ اپنے لئے اس حل Solution کو تلاش کرتا ہے۔ ایک مشہور مقولہ ہے کہ: ''محبت اور جنگ میں سب کچھ جائز ہوتا ہے'' جیسا کہ آج کل کم عمر افراد ۱۶ تا ۱۸ سال عموماً اور کچھ بالغ افراد میں ''خودکشی بم دھماکے'' کی سوچ کا ابھار خطرناک حد تک بڑھ گیا تھا مگر ہنوز کمی آئی ہے۔ وجہ صرف یہ ہے کہ خودکش حملہ کرنے والا جانتا ہے کہ کیا صحیح ہے؟ اور کیا غلط ہے؟ کیا گناہ ہے؟ اور کیا جرم ہے؟ لیکن وہ جمہوری انسانی گروہوں سے محروم اور مایوس نہیں ہوا۔ امید کا چراغ اس نے جلا رکھا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم ان مسائل ان اسباب کا سدِ باب کریں تا کہ انسانیت ارتقاء کی طرف گامزن ہو سکے۔ اگر ہم نے ایسا نہ کیا تو اللہ ہمیں بھی قصوروار ٹھہرائے گا کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ مجرم ماں کے پیٹ سے پیدا نہیں ہوتا بلکہ معاشی، معاشرتی، ثقافتی، قانونی و انتظامی، سیاسی و اخلاقی عدم توازن کی وجہ سے بنتے ہیں تا کہ اپنی محرومیوں، مایوسیوں، صدمات کا انتقام لے سکیں۔

اسباب:

Monaham Summarizes the following as being the best predictors of violence:

- ☆ Lack of support from immediate family members.
- ☆ History of violence among the family.
- ☆ Violent behaviour patterns among peers.
- ☆ The absence of steady employment.
- ☆ The availibility of "Willing" victims.
- ☆ The availibility of weapons.
- ☆ The availibility of Alcohol. and
- ☆ The recency and prevalence of violence by the individual. (17)

مندرجہ بالا اسباب میں تقریباً تمام اہم اسباب آ گئے۔

محاسبۂ نفس اور طمانیت:

سب سے پہلے انفرادی سطح پر کام کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ اخلاق کا وجود اس وقت سے ہے جب سے انسان کی زندگی اور اس کی ذہنی وجسمانی اعمال کا وجود ہے جس کا ثبوت خود روئے زمین پر سب سے پہلے ہونے والے قتل کے سلسلے میں قرآن حکیم والفرقان مجید کے بصراحت ملتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے کہ:

**لئن بسطت الی یدک لتقتلنی مآ انا بباسط یدی الیک لاقتلک انی اخاف اللّٰہ ربّ العالمین o** (سورۃ المائدہ ۵:۲۸)

ترجمہ: ''اگر تو مجھے قتل کرنے کے لئے ہاتھ اٹھائے گا تو میں تجھے قتل کرنے کے لئے ہاتھ نہ اٹھاؤں گا۔ میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں۔''

سدِّ باب کے طریقے:

علاوہ ازیں انفرادی سطح پر اور بھی کئی طریقے ہیں جنہیں ہم ذیل میں بیان کر رہے ہیں۔ جن کا تعلق خالصتاً اخلاق سے ہے:

☆ مطلق علم کے ذریعے: Through Absolute Truth

مطلق علم کی حقیقتوں کا ادراک کرنا مثلاً شرک جہل کو اور توحید علم کو چاہتی ہے۔ غلوّ فی الدین کا محرک عشق غیر اللہ ہے۔

☆ آخرت کی یاددہانی کے ذریعے: Through the remembring of life here after death

دنیا کی اشیاء کی محبت کی افراط سے اپنے آپ کو بچانا۔

☆ اخلاقِ حسنہ وفضیلہ کے ذریعے: Through Moral Codes

غرور وتکبر، لالچ وحسد، تدبیر وجادو، منافقت وکذب جیسی برائیوں سے اجتناب۔

☆ خوفِ خدا کے ذریعے: Through Fear of Allah

اس میں گو کہ تقویٰ کی اعلیٰ، اوسط درجہ تو شامل ہے لیکن کم از کم ادنیٰ درجے پر خود کو مستحکم رکھنا وہ اس طرح کہ اگر میں اللہ کو نہیں دیکھ رہا تو کم از کم وہ تو مجھے دیکھ رہا ہے۔

☆ اللہ سے امید کے ذریعے: Through Hope from Allah

ہر حال میں خود کو مایوسی سے بچانا، امید کو بحال رکھنا۔

☆ صبر کے ذریعے: Through Patience

صبر کے بازار میں بھی جعلی سکہ نہیں چلایا جاسکتا۔ صبر کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے۔

☆ توبہ کے ذریعے: Through Repentance

توبہ واستغفار بہترین علاج ہے اس ہستی کے سامنے اعتراف گناہ کرنا جو بے نیاز ہے۔

☆ شکر کے ذریعے: Through Thankfulness

شکر اعتراف نعمت کے طور پر ہے اس لئے شکر ضروری ہے۔

☆ توکل کے ذریعے: Through Trust in Allah

اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات پر مکمل بھروسہ کرنا۔ خود مکمل دیانت کے ساتھ کام کر کے نتیجوں کو اللہ پر چھوڑ دینا اور اس سے اچھی امید لگانا۔

☆ گفتگو کے ذریعے: Through Talk Activeness

ہلکی پھلکی گفتگو کے ذریعے سے کوئی بات دوسرے کو سمجھانا کہ ایسے محسوس نہ ہو کہ خاص طور پر یہ بات اس کی جارہی ہے۔ گفتگو میں حسن ظن واجتہاد ہو تو پھر خیر کا باعث ہے۔

☆ برائیوں سے نفرت کے ذریعے: Through Hate for Evil

معمولی وغیر معمولی برائیوں سے اپنی روح، جسم کے اعضاء اور نفس کو بچانا یعنی محاسبہ کرنا۔

☆ ذکرِ الٰہی کے ذریعے: Through Remembring

ذکرِ الٰہی کے لئے اہتمامِ محفل اگر ممکن نہ ہو تو پھر مسجد میں نماز کے لئے ضرور بھیجا جائے تفریحی مقامات کی سیر اور اللہ کی دعوت کا ذکر کیا جائے۔

☆ ایمان کے ساتھ یقین کے ذریعے: Through Faith with Conviction

سچ تو یہ ہے کہ جب تک انسان یقین کی دولت اپنے اندر پیدا نہیں کرے گا تب تک وہ انسانیت کی معراج کو نہیں پاسکتا۔ اس لئے ایمان کے ساتھ ساتھ یقین کا ہونا ضروری ہے۔ بغیر یقین کے ایمان اپنی کارگزاریاں نہیں دکھاسکتا۔

### سدِ باب میں والدین کا کردار:

والدین ذہنی انتشار کو روکنے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ خاص طور پر بچپن ہی میں اس کی روک تھام کی جاسکتی ہے۔ دوسرے یہ کہ بچوں کے ساتھ دوستانہ ماحول ضرور رکھنا چاہئے تا کہ وہ اپنی ذاتی، جذباتی ونفسیاتی مسائل کو بیان کرسکیں۔ انہیں Task دیا جائے اور اگر وہ Goal achieve کرلیں تو نہ صرف انہیں Token of appreciation دیا جائے بلکہ ہوسکے تو Gift دیا جائے۔ تعلیم وتربیت کا انتظام حسبِ استطاعت کیا جائے۔ اصلاحی کاموں میں شریک کیا جائے جیسا کہ اسکاؤٹنگ یا N.C.C وغیرہ کی ٹریننگ یا پھر First Aid کی ٹریننگ وغیرہ۔ علاوہ ازیں انہیں کھیل کود میں بھی حصہ لینے کا موقع دیا جائے جیسے اسپورٹس کلب وغیرہ۔ سماجی کلب یا ریسٹورنٹ وغیرہ میں فیملی

کے ساتھ جائیں تا کہ سماجی شعور بھی پیدا ہو۔ اس طرح وہ برے لوگوں کی صحبت سے بچ سکیں گے اور ساتھ ہی ساتھ اندر کا خوف بھی ختم ہوگا اور وہ ایک مفید اور کارآمد شہری کے طور پر سامنے آئیں گے اور حب الوطنی کے جذبات بھی نمایاں ہوں گے۔

علاوہ ازیں اگر والدین صاحبِ استطاعت ہیں تو اپنے بچوں کو عمرہ و حج کروائیں تا کہ ان میں روحانیت پروان چڑھ سکے اور اللہ کی راہ میں زیادہ سے زیادہ خرچ کریں تا کہ ان میں انفاق فی سبیل اللہ کا جذبہ پیدا ہو۔

## سدِّ باب میں گورنمنٹ کی سطح پر اقدامات:

- ☆ گورنمنٹ کی سطح پر سب سے پہلے تعلیم کے عمل میں ''دوئی'' کو ختم کر کے ایک نصابِ تعلیم شروع کیا جائے۔
- ☆ مشاورت اور رہنمائی کے لئے ادارے قائم کئے جائیں جو مفت خدمات انجام دیں۔
- ☆ محنت کی عظمت کو ابھارنے کے لئے ووکیشنل ٹریننگ کو فروغ دیا جائے۔
- ☆ اسپورٹس کے لئے بلا امتیاز میدان و کلب بنائے جائیں۔
- ☆ ثقافت کو اجاگر کرنے کے لئے نمائش کا بڑے شہروں میں انعقاد کرایا جائے۔
- ☆ ثقافتی ورثے کو بلا امتیاز محفوظ بنایا جائے۔
- ☆ عدل وانصاف کا بول بالا کیا جائے۔ سستا انصاف فراہم کیا جائے۔
- ☆ پولیس، فوج اور رینجرز اور دیگر حفاظتی دستوں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق بنایا جائے۔
- ☆ حب الوطنی کے فروغ کے لئے تاریخی ایام کو زندہ قوموں کی طرح منایا جائے۔ خاص طور پر اداروں اور میڈیا میں اہتمام کیا جائے۔
- ☆ اسلامی تہواروں بالخصوص عید الفطر، عید الاضحیٰ کو تو ہم اہتمام کرتے ہیں لیکن دیگر اسلامی مہینوں کا احترام کو اجاگر کرنا، خاص دنوں کی اہمیت کو اجاگر کرنا تا کہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اسلام میں موجود رسم ورواج سے محظوظ ہو سکیں۔
- ☆ تفریحات وسیر وسیاحت کے مقامات کو مزید دلکش بنانا، جدید سہولتوں سے آراستہ کرنا۔

بہرحال ابنارمل سائیکالوجی کے مطابق جرائم سے احتیاط "The Prevention of Crime" کے لئے ضروری ہے کہ:

- ☆ The development of wholesome Personalities in child hood.
- ☆ The early discovery and treatment if Potential delinquents and criminals.
- ☆ The elimination of actors that favour crime.
- ☆ Vigilant supervision and strict law enforcement.

☆ Good Government and legal reform. (18)

### فلسفۂ طمانیت سے آ گہی:

المختصر یہ کہ انسان اگر خود احتسابی یعنی محاسبۂ نفس کے ذریعے یہ معلوم کرنے کی مساعی جمیلہ کرے کہ اسے طمانیت قلب ونفس کی آرزو کیوں ہے؟ تو اس کا نتیجہ پر پہنچنا فطری امر ہے کہ اسے اپنے الٰہ ورب کی جنت کی آرزو ہے جو رب کا ''حسن المآب'' ہے اور اس کے قرب کی طلب وجستجو ہے۔طمانیت قلب حقائق خمسہ پر دلالت کرتی ہے:

ایک محبتِ الٰہی پر دوسرے جمالیاتی ارتقاء پر تیسرے قربِ الٰہی پر چوتھے آتش خوف وحزن اور عذاب النار کی مصؤنیت پر پانچویں رضوانِ الٰہی پر۔

ان حقائق خمسہ کے ادراک کا مطلب فلسفۂ طمانیت سے آ گہی ہے۔ یہ وہ مقام ہے کہ جہاں اللہ اپنے بندے سے یہ کہتا ہے کہ:

یَا اَیَّتُها النفس المطمئنة ارجعی الیٰ ربک راضیة مرضیة. (سورة الفجر ۸۹: ۲۷ تا ۲۸)

ترجمہ:''اے نفس مطمئنہ!پلٹ جا اپنے رب کی طرف خوش خوش اور اللہ کی خوشنودی کے ساتھ۔''

### خیر وشر کی قوّتوں کی کشمکش کا نام زندگی:

زندگی درحقیقت آدم وابلیس کی کشمکش کا نام ہے۔خوف کی افراط وتفریط ابلیسیت کی بنیاد ہے جو بنی آدم کو راہِ ہدایت سے گمراہی کی جانب لے جاتا ہے اور جب افراد خوف کی پستیوں میں گرتے ہیں تو انسانی آموزش کا دریا الٹے رخ بہنا شروع ہو جاتا ہے۔

یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آدم کے ساتھ ابلیس کا وجود نا گزیر کیوں ہے؟ وہ اس لئے کہ مخالفت اور تصادمات کے بغیر انسانی ذات مستحکم نہیں ہوسکتی۔ دراصل یہ آزمائش جنت ودوزخ کا معیار بھی ہے۔اس بنیادی وجہ کو آدمؑ پر منکشف کر دیا گیا تھا کہ بدی کی قوت سے برسرِ پیکار رہنا پڑے گا لہٰذا زندگی جہدِ مسلسل کا نام ہے۔ربّ تعالیٰ مستقبل کے بارے میں انسان کو باخبر کرتے ہوئے فرما رہا ہے کہ:

و اذا الجحیم سعّرت ہ و اذا الجنة ازلفت ہ علمت نفس ما احضرت ہ (التکویر ۸۱: ۱۲ تا ۱٤)

ترجمہ:''اور جب جہنم کو دہکایا جائے گا اور جنت قریب لائی جائے گی۔اس وقت ہر نفس کو پتہ چل جائے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے۔''

آیئے!!! ذرا سوچیں کہ ہم کہیں کھوئی ہوئی بھیڑ تو نہیں کہ جسے شیطان گمراہی کے لئے اچک سکتا ہے۔

حوالہ جات:


۱۔ داستان فلسفہ، ڈل ڈیورینٹ (سیّد عابد علی عابد) لاہور فکشن ہاؤس، ۱۹۹۵ء، ص: ۴۴۰

۲۔ المفردات فی غریب القرآن، العلامۃ الحسین بن محمد بن المفضل الملقب بالراغب الاصفہانی، کراچی، کارخانہ تجرات، ۱۳۸۰ھ، ص: ۲۷۳

۳۔ داستان فلسفہ محولہ بالا، ص: ۳۹۴

۴۔ داستان فلسفہ، ایضاً، ص: ۳۸۷

۵۔ المفردات فی غریب القرآن، محولہ بالا، ص: ۱۲

۶۔ المفردات فی غریب القرآن محولہ بالا، ص: ۱۵۵

۷۔ فلسفۂ آخرت، ڈاکٹر نصیر احمد ناصر، فیروز سنز لاہور، ۱۹۸۸ء، ص: ۲۵

8. Islamic Psychology Emergence of new field, Akbar Hussain, Delhi, Global Vision Publishing House, 2006, P.52

9. Islamic Psychology Emergence of new field, Akbar Hussain, Delhi, Global Vision Publishing House, 2006, P.53

10. Islamic Psychology Emergence of new field, Akbar Hussain, Delhi, Global Vision Publishing House, 2006, P.55

11. Islamic Psychology Emergence of new field, Akbar Hussain, Delhi, Global Vision Publishing House, 2006, P.58

12. Abnormal Psychology, James D. Page, New Delhi, Tata Mc Grow-Hill Pablishing Company, 2005, P. 2 to 10

13. Concise Encyclopedia of Psychology, Raymod J-Corsini, John willy & sons, New York, 1987, P-114.

14. Abnormal Psychology, op,cit, P.385

15. Concise Encyclopedia of Psychology, op,cit, p.1144

16. Concise Encyclopedia of Psychology, op,cit, p.1094

17. Concise Encyclopedia of Psychology, opcil, p.1145

18. Abnormal Psychology, James D. Page, New Delhi, Tata Mc Grow-Hill Pablishing Company, 2005, P. 408 to 409


کتابیات


۱۔ ابومنصور، القرآن، کراچی، فضل فاؤنڈیشن، ایڈیشن ۱۹۸۵ء

۲۔ العلامۃ الحسین بن محمد بن المفضل الملقب بالراغب الاصفہانی، المفردات فی غریب القرآن، کراچی، ایڈیشن ۱۳۸۰ھ

۳۔ نصیر احمد ناصر، ڈاکٹر، فلسفۂ آخرت، لاہور، فیروز سنز، ایڈیشن ۱۹۸۸ء

۴۔ ول ڈیورینٹ، مترجم سید عابد علی عابد، داستان فلسفہ، لاہور، فکشن ہاؤس، ایڈیشن ۱۹۹۵ء


# BIBLIOGRAPHY


1. Akbar Hussain, Islamic Psychology "Emergence of new field" New Delhi, Global Vision Publishing House, Edition 2006.
2. Concise Encyclopedia of Psychology, Raymond J-Corsini, New York, John Willey & Sons, Edition 1987.
3. Page, James.D, Abnormal Psychology, New Delhi, Tata Mc Graw-Hill Publishing Ltd., Edition 2005.

# بینک اور سود

ڈاکٹر رخسار احمد

Professor, Preston University, Karachi.

## Abstract

The Islamic Law clearly says as, public welfare and social security is fundamentals obligations of the states. Financial resources that the requires will come from the state income for instance zakat. Fiqh is derived from the Quran and Sunnah which provides the shariah rules of daily routine system as well as economic for the human being. Many shariah scholars and muftis those have declared fatwa's resolution and articles on Islamic banking issues. During the early stage of development of Islamic banking system the focus was on launching the Islamic financial institutions. Now the desired need is to restructure the whole system that requires an appropriate structure to take into account concrete role for the economic system in finance.

موجودہ دور میں بہت سے مالیاتی ادارے سود پر سرمایہ فراہم کرتے ہیں، ان میں سے سب سے اہم اور بڑا ادارہ بینک ہے، اس ادارے کو مشارکہ کی بنیاد پر ڈھالنے کے لئے پہلے اس کا موجودہ نظام سمجھنا ضروری ہے۔ لہذا پہلے مختصراً بینکاری کے موجودہ نظام کا خاکہ اور اس کا شرعی حکم بیان کیا جاتا ہے۔ جس میں بینک سے متعلق درج ذیل امور ذکر کئے جائیں گے:

(۱) روائتی بینکاری اور سودی کاروبار کو فروغ:

بینک ایک ایسے تجارتی ادارے کا نام ہے جو لوگوں کی رقمیں اپنے پاس جمع کر کے تاجروں، صنعت کار اور دیگر